FCPS FAIRFAX COUNTY PUBLIC SCHOOLS

بحالی کے قانون مجریہ 1973کے سیکشن 504 کے تحفظاتی ضابطے

URDU

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں کسی اہل طالب علم کو جسے کوئی معذوری ہے، اس کی معذوری کی بنا پر اسکول ڈویژن کی طرف سے پیش کیے جانے والے کسی پروگرام یا سرگرمی سے اس کی معذوری کی بنیاد پر شرکت سے علیحدہ نہیں کیا جائے گا، فوائد سے محروم نہیں کیا جائے گا، یا کسی قسم کے امتیازی سلوک کا نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔ سیکشن 504 کے تحت معذوری والے طالب علموں کی شناخت، جائزے اور/یا داخلے کی کارروائی میں مندرجہ ذیل تحفظات فراہم کیے جائیں گے:

- بچے کے جائزے، چائلڈ فائنڈ، دوبارہ جائزے اور/یا داخلے سے قبل طالب علم کے والدین یا سرپرست کو مطلع کیا جائے گا۔
- سیکشن 504 کے تحت جو طالب علم اہل ہیں، ان کی شناخت، جائزے، رعایتوں، ترمیمات، اور/یا سہولتوں کے بارے میں فیصلے ایسے افراد کی ایک کمیٹی کرے گی جو طالب علم کے کوائف سے باخبر ہیں ۔
- والدین یا سرپرستوں کو طالب علم کے تعلیمی ریکارڈز دیکھنے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔
- اس ذیلی سیکشن کو وصول کرنے والا فرد ایسے افراد کے جائزے اور داخلے کے لیے جنہیں کوئی معذوری ہے، یا جن کے بارے میں یہ خیال ہے کہ انہیں خصوصی تعلیم اور متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے، معیار اور ضابطے قائم کرے گا، اور مندرجہ ذیل چیزوں کو یقینی بنائے گا:
  1) ٹیسٹ اور جائزے کے دوسرے مواد کی اس مخصوص مقصد کے لیے تصدیق کر لی گئی ہے جس کے لیے اسے استعمال کیا جاتا ہے، اور ٹیسٹ کا میٹریل استعمال کرنے والا عملہ تربیت یافتہ ہے اور اسے تیار کرنے والے عملے کی ہدایات کے مطابق استعمال کرتا ہے ۔
  2) ٹیسٹوں اور جائزوں کے میٹیریل میں ایسی چیزیں شامل ہیں جو مخصوص تعلیمی ضرورتوں کے لیے تیار کی گئی ہیں، اور جن کا مقصد محض ذہانت کی پیمائش نہیں ہے ۔
  3) ٹیسٹ اس انداز سے منتخب کیے جاتے اور دیے جاتے ہیں کہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جب کسی ایسے طالب علم کو ٹیسٹ کیا جاتا ہے جس کی حسیاتی، جسمانی، یا بولنے کی مہارتیں ناقص ہیں، تو ٹیسٹ کے نتائج سے طالب علم کے رجحانِ طبع یا کارکردگی کی سطح یا جن دوسرے عوامل کی ٹیسٹ سے جانچ کرنا مقصود ہے، ان کی عکاسی ہوتی ہو، نہ کہ طالب علم کی ناقص حسیاتی، جسمانی یا بولنے کی مہارتوں کی (سوائے اس کے کہ ٹیسٹ کا مقصد انہیں مہارتوں کی پیمائش کرنا ہو)۔
- سیکشن 504 کے تحت معذوری والے طالب علم کی اہلیت پر دوبارہ غور سے پہلے، طالب علم کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا۔
- خراب طرزِ عمل کے نتیجے میں، جب 504 کے تحت اہل طالب علم کو اسکول سے مسلسل اسکول کے دس دنوں کے لیے اسکول سے علیحدہ کرنے کا فیصلہ کیا جاتا ہے، یا جب سیکشن 504 کے تحت اہل طالب علم تعلیمی سال کے دوران بار بار اسکول سے علیحدہ کیا جاتا ہے جس کی مدت اسکول کے دس دن سے زیادہ ہوتی ہے،تو ایک دانش مند کمیٹی اس بات کا تعین کرنے کے لیے اجلاس کرے گی کہ آیا طالب علم کا طرزِ عمل اس کی معذوری کی وجہ سے تھا۔
- طالب علم کے والدین یا سرپرستوں کو یہ موقع دیا جائے گا کہ وہ نظم و ضبط کے کیس میں، طالب علم کی شناخت، جائزے، رعایتوں، ترمیموں، خدمات یا وجوہات کے فیصلوں کے خلاف اپیل کر سکیں گے۔ والدین یا سرپرست انتظامی جائزے، مصالحت، اور/یا غیر جانبدارانہ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں ۔ انتظامی جائزے اور ثالثی رضاکارانہ ہیں اور ضروری نہیں کہ ایک غیر جانبدرانہ سماعت سے پہلے انہیں مکمل کیا جائے ۔غیرجانبدارانہ سماعت طالب علم کے والدین یا سرپرستوں اور کونسل کی طرف سے اپنا موقف پیش کرنے، اور غیرجانب دارانہ سماعت کے فیصلے کے جائزے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

سیکشن 504 پر عمل درآمد کا انتظام ، جب اس کا تعلق سہولتوں تک رسائی سے ہو، Office of Design and Construction Services ٹیلی فون (571 423-2200) کرتا ہے، اور جب اس کاتعلق طالب علموں کے پروگراموں اور سرگرمیوں سے ہو، تو یہ coordinator, Due Process and Eligibility، ٹیلیفون (571-423-4470) کی ذمہ داری ہے۔ اپیلیں coordinator, Due Process and Eligibility کو بھیجیے۔ مزید معلومات ریگولیشن 1454 میں موجود ہیں۔

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے طالب علموں کے تعلیمی ریکارڈ سے معلومات اس شرط پر جاری کی جاتی ہیں کہ انہیں وصول کرنے والا فرد والدین یا اہل طالب علم کی تحریری اجازت کے بغیر انہیں کسی دوسرے فریق کی دسترس میں جانے کی اجازت نہیں دے گا۔